# India Russia consultations on UNSC issues

January 31, 2022

## یو این ایس سی کے امور سے متعلق ہندوستان روس کے مابین مشاورت

31 جنوری، 2022

31 جنوری 2022 کو نئی دہلی میں ہندوستان اور روس کے درمیان اقوام متحدہ سے متعلقہ امور پر دو طرفہ مشاورت منعقد ہوئی۔ بھارتی وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں سکریٹری (مغرب) رینت سندھو جبکہ روسی وفد کی قیادت روسی فیڈریشن کے نائب وزیر خارجہ سرگئی واسیلیوچ ورشینن نے کی۔

2۔ سیکرٹری (مغرب) نے فروری 2022 میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی آئندہ صدارت پر روس کو مبارکباد دی۔ دونوں فریقین نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے اور اس سے متعلقہ پیش رفت کے مسائل پر وسیع پیمانے پر بات چیت کی۔ دونوں فریقین نے کثیر الجہتی پلیٹ فارم پر باہمی دلچسپی کے امور پر تعاون کو مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا۔ روسی وفد نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 76ویں اجلاس کے دوران ہندوستان کو اپنی ترجیحات سے آگاہ کیا۔ دونوں فریقین نے درپیش مشترکہ چیلنجوں کے پیش نظر اور اپنی دیرینہ خصوصی اور مراعات یافتہ اسٹریٹجک شراکت داری کو مدنظر رکھتے ہوئے مل کر کام کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

3۔ دورے کے دوران، ڈی ایف ایم نے خارجہ سکریٹری جناب ہرش وردھن شرنگلا سے بھی ملاقات کی اور انہیں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی آئندہ صدارت کے دوران روسی ترجیحات سے آگاہ کیا۔

**نئی دہلی**

**31 جنوری، 2022**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release